# SCHOOL-BASED ASSESSMENT (SBA) - 2025
# END-OF-YEAR ASSESSMENT
## SUBJECT: HISTORY & GEOGRAPHY
## GRADE-8

**FINAL TERM**

**[Part A: 48 Marks Part B: 52 Marks Total: 100 Marks], Time = 3 hours**

**School Name:** ____________________

**Student Name :** ____________ **Roll Number :** ____________ **Section :** ____________

## حصہ اول: معروضی سوالات

سوال نمبر 1: صنعتوں اور کارخانوں سے نکلنے والا آلودہ پانی نقصان دہ ہوتا ہے:
(a) بحری جہازوں کے لیے (b) آبی تنوع کے لیے
(c) زمینی نقل و حمل کے لیے (d) توانائی کی پیداوار کے لیے

سوال نمبر 2: سمندر میں اونچی لہریں پیدا کرنے والی مدوجزر اکبر مشترکہ کشش ثقل کی وجہ سے ہوتی ہیں:
(a) زمین اور چاند کی (b) سورج اور چاند کی
(c) زمین اور سطح سمندر کی (d) سورج اور زمین کی

سوال نمبر 3: گلیشیئرز کے ختم ہونے اور جلد برف پگھلنے کا نتیجہ ہے:
(a) جنگلات کی آگ میں اضافہ (b) بارشوں میں کمی
(c) سطح سمندر میں اضافہ (d) پانی کی کمی

سوال نمبر 4: جنگلات کی آگ میں اضافہ باعث بنتا ہے:
(a) گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کا (b) ہوا کے معیار کی خرابی کا
(c) بارشوں میں اضافے کا (d) پائیدار توانائی کو فروغ دینے کا

سوال نمبر 5: نیویارک شہر میں بارش ہوتی ہے:
(a) اپریل میں کم اور فروری میں زیادہ (b) فروری اور اپریل دونوں میں کم
(c) فروری میں کم اور اپریل میں زیادہ (d) فروری اور اپریل دونوں میں زیادہ

سوال نمبر 6: روشنی کی آلودگی کو کم کرنے کا آسان طریقہ ہے:
(a) زیادہ لائٹس استعمال کرنا (b) صرف ضروری لائٹس استعمال کرنا
(c) زیادہ روشن لائٹس استعمال کرنا (d) صرف ایل ای ڈی لائٹس استعمال کرنا

سوال نمبر 7: گلوبل وارمنگ کا بنیادی سبب بننے والی گیس ہے:
(a) کاربن ڈائی آکسائیڈ (b) میتھین گیس
(c) نائٹروجن ڈائی آکسائیڈ (d) اوزون

سوال نمبر 8: کھیلوں کی صنعت کے لیے مشہور شہر ہے:
(a) لاہور (b) راولپنڈی
(c) فیصل آباد (d) سیالکوٹ

سوال نمبر 9: پاکستان کی اہم برآمد ہے:
(a) آئی ٹی کا سامان (b) کھیلوں کا سامان
(c) خوردنی تیل (d) خام تیل

سوال نمبر 10: غربت کے خاتمے میں اہم کردار ادا کرنے والی صنعت ہے:
(a) آٹوموبائل کی صنعت (b) گھریلو صنعت
(c) دھاگے اور کپڑے کی صنعت (d) زراعت کی صنعت

سوال نمبر 11: درآمدات اور برآمدات سے وابستہ عالمی ادارہ ہے:
(a) اقوام متحدہ (b) ٹریڈ ڈیولپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان
(c) ورلڈ ٹریڈ آرگنائزیشن (d) یونیسکو

سوال نمبر 12: پاکستان میڈیا سٹائل، مارکیٹنگ اور فاصلاتی تعلیم کو بہتر طور پر قائم کرنے میں کامیاب ہو رہا ہے:
(a) سافٹ ویئر ٹیکنالوجی میں ترقی کے ذریعے (b) صنعتی ترقی کے ذریعے
(c) سیاحت میں ترقی کے ذریعے (d) تجارتی ترقی کے ذریعے

سوال نمبر 13: پاکستان کی سب سے گہری بندرگاہ ہے:
(a) بن قاسم بندرگاہ (b) گوادر بندرگاہ
(c) کیماڑی بندرگاہ (d) کیٹی بندرگاہ

سوال نمبر 14: شہروں میں مختصر سفر کے لئے زیادہ استعمال ہونے والا ماحول دوست ذریعہ نقل و حمل ہے:
(a) ہوائی جہاز (b) الیکٹرک اسکوٹرز
(c) ٹرینیں (d) بحری جہاز

سوال نمبر 15: انسانی ترقی کے لیے سب سے ضروری ہے:
(a) تعلیم (b) صحت
(c) گاڑیاں (d) نوکریاں

سوال نمبر 16: پاکستان کے موجودہ معاشی حالات کی وجہ ہے:
(a) سیاسی بدامنی (b) قومی آمدنی میں اضافہ
(c) تعلیم (d) تجارت میں اضافہ

سوال نمبر 17: پلاسی کی جنگ میں برطانوی فوجیوں کی تعداد تھی:
(a) پچاس ہزار (b) بتیس ہزار
(c) بیالیس ہزار (d) چھیاسٹھ ہزار

سوال نمبر 18: انگریزوں کا ایسٹ انڈیا کمپنی قائم کرنے کا مقصد تھا:
(a) تعلیم کا (b) سیاست کا
(c) تجارت کا (d) ثقافتی تبادلے کا

سوال نمبر 19: ہندوستانی فوجیوں کی تنخواہیں بہت کم ہونے کی وجہ تھی:
(a) محدود فنڈز (b) انگریز انہیں ناکارہ سمجھتے تھے
(c) جنگوں میں ہندوستانی شرکت کی حوصلہ شکنی (d) انفراسٹرکچر میں زیادہ سرمایہ کاری

سوال نمبر 20: اسلامیہ کالج پشاور قائم ہوا:
(a) برطانوی پبلک سکول ماڈل کی طرز پر (b) مدرسہ کے روایتی نظام کی طرز پر
(c) علی گڑھ کالج ماڈل کی طرز پر (d) جدید یونیورسٹی سسٹم کی طرز پر

سوال نمبر 21: ترکی جنگ عظیم اول میں شامل ہوا:
(a) نومبر، 1914ء میں (b) اکتوبر، 1914ء میں
(c) دسمبر، 1914ء میں (d) ستمبر، 1914ء میں

سوال نمبر 22: لیگ آف نیشن کی بنیاد رکھی گئی:
(a) 1910ء میں (b) 1920ء میں
(c) 1930ء میں (d) 1940ء میں

سوال نمبر23: کرپس نے اصلاحات کے لیے تجاویز دی:

(a) تعلیمی (b) مذہبی

(c) سماجی (d) آئینی

سوال نمبر24: مسلم لیگ کے قائم ہونے کی وجہ تھی:

(a) شملہ وفد (b) بنگال کی تقسیم

(c) سیاسی بے چینی (d) کانگریس کا رویہ

سوال نمبر25: ہندوستانی آزادی کی تحریک کے لیے لکھنؤ پیکٹ کا اہم نتیجہ تھا:

(a) برطانوی حکمرانی سے آزادی (b) ہندو مسلم تعاون

(c) کمیونسٹ پارٹی کی تشکیل (d) انڈین نیشنل کانگریس خاتمہ

سوال نمبر26: علامہ محمد اقبال کے الہ آباد خطاب کا تحریک پاکستان پر اثر تھا:

(a) پاکستان کے قیام کا (b) مسلم قیادت میں کمی کا

(c) برطانوی حکومت کی مضبوطی کا (d) ہندو رہنماؤں کے ساتھ تعاون کا

سوال نمبر27: قرارداد پاکستان منظور ہوئی:

(a) 1942 میں (b) 1940 میں

(c) 1938 میں (d) 1941 میں

سوال نمبر28: قائداعظم محمد علی جناح کے 14 نکات میں صوبوں کے حوالے سے مطالبہ کیا گیا:

(a) نئے صوبوں کی تشکیل کا (b) صوبائی خود مختاری کا

(c) چھوٹے صوبوں کے انضمام کا (d) صوبوں پر برطانوی کنٹرول کا

سوال نمبر29: مسلم لیگ کی تنظیم نو کے لیے قائداعظم نے دوبارہ متحد کیا:

(a) مسلم لیگ کے نمائندوں کو (b) مسلم لیگ کے دھڑوں کو

(c) مسلم لیگ کے رہنماؤں کو (d) مسلم لیگ کے وزراء کو

سوال نمبر30: قرارداد مقاصد منظور ہوئی:

(a) 1947 میں (b) 1949 میں

(c) 1951 میں (d) 1961 میں

سوال نمبر31: پاکستان کا دوسرا آئین نافذ ہوا:

(a) 1962 میں (b) 1973 میں

(c) 1956 میں (d) 1957 میں

سوال نمبر32: 1971 کی جنگ میں، مکتی باہنی کی قیادت کی:

(a) مجیب الرحمان نے (b) جیوتی باسو نے

(c) اندرا گاندھی نے (d) جواہر لال نہرو نے

---

## حصہ دوم: انشائیہ سوالات

سوال نمبر33

i) گلوبل وارمنگ کی تعریف کریں۔(5 نمبر)

ii) اوزون کی تہہ کی کمی کے نقصان دہ اثرات بیان کریں۔(5 نمبر)

سوال نمبر34

i) پاکستان کے ادائیگی کے توازن کو بہتر بنانے کے اقدامات بیان کریں۔(5 نمبر)

ii) پاکستان کی ٹیکسٹائل انڈسٹری کی اہمیت کا تجزیہ کریں اور اس کی ترقی میں اضافہ کے لئے تین طریقے تجویز کریں۔(5 نمبر)

سوال نمبر35

i) پاکستان میں بندرگاہوں کی اہمیت پر نوٹ لکھیں.(5 نمبر)

ii) پاکستان میں ٹرانسپورٹ کے نظام کے بارے میں وضاحت کریں۔(5 نمبر)

سوال نمبر36

i) پاکستان پر سرد جنگ کے اثرات لکھیں۔(5 نمبر)

ii) ایوب خان کے دور حکومت کی خصوصیات پر روشنی ڈالیں۔(5 نمبر)

سوال نمبر37

i) دوسری گول میز کانفرنس پر نوٹ لکھیں۔(6 نمبر)

ii) قیام پاکستان کے اہم واقعات تحریر کریں۔(6 نمبر)